11.04.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... محمد عمار

Music

☆ مغربی ایشیا میں پائیدار امن و امان قائم کرنے کی غرض سے آج اسلام آباد میں امریکہ اور ایران کے درمیان بات چیت شروع ہورہی ہے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے واضح طور پر کہا ہے کہ ملک میں موجود پناہ گزینوں کو مکمل آئینی حقوق دیئے جائیں گے اور دراندازوں کو نکال باہر کیا جائے گا۔

☆ صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیراعظم نے آج سماجی مصلح مہاتما جیوتی با پھولے کو اُن کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔

☆ دِلی میں رجسٹرڈ 30 لاکھ روپے تک کی الیکٹرک کاروں کو 2030 تک رجسٹریشن فیس اور روڈ ٹیکس میں صدفیصد چھوٹ دی جائے گی۔

☆ بھارت کے یونیفائڈ پیمنٹس انٹرفیس UPI کو آج دس سال پورے ہورہے ہیں۔

☆ اور، بھارت کے آیوش شیٹی چین میں جاری ایشیا بیڈمنٹن چمپئن شپ میں مردوں کے سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

Music

اب خبریں تفصیل سے............

US-IRAN TALKS

مغربی ایشیا میں پائیدار اور دائمی امن وسکون قائم کرنے کی غرض سے اسلام آباد میں امریکہ اور ایران کے اعلیٰ سطح کے وفدوں کے درمیان بات چیت شروع ہورہی ہے۔ امریکہ کے نائب صدر J.D.Vance کی سربراہی میں امریکہ کا ایک وفد اسلام آباد پہنچا ہے۔ اِس وفد میں نائب صدر J.D.Vance، خصوصی نمائندے Steve Witkoff اور صلاح کار Jared

Kushner شامل ہیں۔ پاکستان روانہ ہونے سے پہلے جناب Vance نے کہا کہ وہ بات چیت کے منتظر ہیں اور اُنہیں امید ہے کہ یہ مثبت ثابت ہوگی۔ اُنہوں نے کہا کہ اگر ایران نیک نیتی سے بات چیت کرنے کا خواہشمند ہے تو امریکہ یقیناً اُس کے ساتھ کُھل کر بات چیت کرے گا۔

گفتگو میں ایران کے وفد کی قیادت پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد Bagher Ghalibaf کریں گے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں Ghalibaf نے کہا کہ فریقین کے درمیان باہمی طور پر طے پانے والے دو امور پر عملدرآمد کیا جانا باقی ہے، جن میں لبنان میں جنگ بندی اور بات چیت شروع ہونے سے پہلے ایران کے منجمد کردہ اثاثے جاری کیا جانا شامل ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بات چیت سے پہلے اِن پر عمل کیا جانا ضروری ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ گفتگو کے دوران ایران کے ایٹمی پروگرام، بیلسٹک میزائل کے پروگرام اور آبنائے ہُرمز پر توجہ دی جائے گی۔×

PM-WB KATWA

BJP کے سینئر رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی نے آج زور دے کر کہا کہ پناہ گزینوں کو مکمل آئینی حقوق دیئے جائیں گے، جبکہ دراندازوں کو نکالا جائے گا۔ آج مغربی بنگال میں Katwa کے مقام پر ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ریاست میں BJP کی حکومت بننے کے بعد شہریت ترمیمی قانون کے تحت اہل درخواست دہندگان کو شہریت دینے کا عمل تیز کیا جائے گا۔ انہوں نے ترنمول کانگریس کی سخت نکتہ چینی کرتے ہوئے الزام لگایا کہ ترنمول کانگریس کے 15 سالہ اقتدار نے مغربی بنگال کے شہریوں کو خوف کے سِوا کچھ نہیں دیا۔ جناب مودی نے کہا کہ BJP ریاست میں سیاسی تشدد میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کرے گی۔

1400- PM Modi On BJP

وزیراعظم نے کہا کہ ریاست میں BJP کی ریلیوں میں عوام کا اُمنڈتا ہوا سیلاب 4 مئی کو متوقع نتائج کا اشارہ ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ مغربی بنگال تبدیلی کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ جن علاقوں میں خواتین نے بڑی تعداد میں ووٹ ڈالے ہیں، وہاں BJP کو انتخابات میں واضح کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ ترنمول کانگریس کی حکومت میں بڑے پیمانے پر بدعنوانی کا الزام لگاتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ BJP ایک وہائٹ پیپر جاری کرے گی۔

1400 PM- White Paper

WB-NOMINATIONS

مغربی بنگالی اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال مکمل ہوگئی ہے۔ کُل ایک ہزار 225 پرچے داخل کئے گئے تھے، جن میں سے ایک ہزار 483 کو درست قرار دیا گیا، جبکہ 62 کو خارج کردیا گیا۔ دوسرے مرحلے

کے تحت 142 حلقوں میں پولنگ ہوگی۔ کاغذات نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ 13 اپریل ہے۔ پہلے مرحلے کی پولنگ 29 اپریل کو ہوگی۔ اس دوران پہلے مرحلے کے اسمبلی چناؤ میں 16 ضلعوں کے 152 حلقوں میں ایک ہزار 478 امیدوار میدان میں ہیں۔ پچھلے انتخابات کے مقابلے امیدواروں کی تعداد میں معمولی اضافہ ہوا ہے۔×

TN-PROFILE

تمل ناڈو کے Vilavancode اسمبلی حلقے میں اِس مہینے کی 23 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس سلسلے میں پیش ہے ہمارے نامہ نگار Joy کی ایک رپورٹ۔ VC: JOY

1952 سے موجود اِس حلقے سے کمیونسٹ پارٹی 5 بار چناؤ جیت چکی ہے۔ 1952 اور 1954 کے انتخابات میں، جبکہ یہ ضلع Travancore کے تحت تھا، Travancore تمل ناڈو میں کانگریس کامیاب ہوئی تھی۔ یہ بات قابل دلچسپی ہے کہ Vijayadharani، جو کانگریس کے امیدوار کے طور پر تین بار اِس حلقے سے چناؤ جیت چکی ہیں، اِس وقت BJP کی ٹکٹ پر انتخاب لڑرہی ہیں۔ وہ تمل ناڈو مہیلا کانگریس کی صدر بھی رہ چکی ہیں۔ اِس ضلعے میں ووٹروں کی مجموعی تعداد 15 لاکھ 10 ہزار 550 ہے۔

چنئی سے Joy کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں ...... شاہد حبیب

JYOTIBA PHULE

ملک آج سماجی مصلح اور کارکن مہاتما جیوتی با پھولے کو اُن کے یومِ پیدائش پر خراج عقیدت پیش کررہا ہے۔ 1827 میں آج کے دن پیدا ہوئے مہاتما پھولے نے اپنی اہلیہ ساوتری پھولے کے ساتھ خواتین کی تعلیم اور انھیں بااختیار بنانے کیلئے کام کیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے ذات پات اور چھوت چھات کے نظام کے خاتمے کیلئے جدوجہد کی۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، وزیرِاعظم نریندر مودی اور لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے، مہاتما جیوتی با پھولے کی 200 ویں جینتی کے موقع پر آج پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں پریرنا استھل میں اُن کے مجسمے پر، گلہائے عقیدت نذر کئے۔ دیگر اہم رہنماؤں میں صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جگت پرکاش نڈا اور لوک سبھا میں اپوزیشن رہنما راہل گاندھی نے بھی انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔×

DELHI VE DRAFT

دِلی میں رجسٹرڈ 30 لاکھ روپے تک کی الیکٹرک کاروں کو 31 مارچ 2030 تک رجسٹریشن فیس اور روڈ ٹیکس میں

صدفیصد چھوٹ دی جائے گی۔ دِلی سرکار نے 2026 سے لے کر 2030 تک کی مدت کیلئے الیکٹرک گاڑیوں کی پالیسی کے مسودے کا اعلان کیا ہے، جس کا مقصد صاف ستھری ٹیکنالوجی کے استعمال میں تیزی لانا ہے۔ پالیسی کے تحت الیکٹرک گاڑیوں کے استعمال کو بڑھاوا دینے کی غرض سے تین ہزار 900 کروڑ روپے سے زیادہ مختص کئے گئے ہیں۔×

UPI-10 YEARS

بھارت کے یونیفائڈ پیمنٹس اِنٹرفیس UPI نے آج اپنی خدمات کے 10 سال مکمل کرلئے ہیں۔ اس ایک دہائی کے دوران UPI ایک آزمائشی پروگرام سے ترقی کرکے بھارت کے ادائیگی کے نظام کی بنیاد بن گیا ہے، جس نے ملک کو نقدی پر مبنی معیشت سے بروقت ڈیجیٹل ادائیگی نظام میں تبدیل کردیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Rohan**

2016 میں نیشنل پیمنٹ کارپوریشن آف انڈیا نے UPI کا آغاز کیا، جس نے ملک میں رقوم کی منتقلی کے عمل کو بنیادی طور پر کافی آسان بنادیا۔ 2021 میں 216 بینکوں سے بڑھ کر جنوری 2026 تک 691 بینک اس نیٹ ورک کا حصہ بن چکے ہیں۔ یہ ادائیگیوں کیلئے ایک یکساں بنیادی ڈھانچہ بن چکا ہے، جو صارفین کو کسی بھی بینک یا پلیٹ فارم کے ذریعہ آسانی سے لین دین کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق UPI کا عالمی بروقت ادائیگی نظام میں تقریباً 49 فیصد کا حصہ ہے۔ بین الاقوامی مالی فنڈ IMF اور عالمی بینک جیسے اداروں نے بھی UPI کی توسیع، کارکردگی اور شمولیت کا اعتراف کیا ہے۔ یہ نظام قومی سرحدوں سے آگے بڑھ چکا ہے اور متحدہ عرب امارات، سنگاپور، بھوٹان، نیپال، سری لنکا، فرانس، ماریشس اور قطر سمیت کئی ملکوں میں فعال یا منسلک ہے۔ UPI صرف ایک ادائیگی کا نظام نہیں بلکہ ایک عوامی پلیٹ فارم ہے، جس نے مالی لین دین کو تیز، آسان، شفاف اور سب کیلئے قابل رسائی بنادیا ہے۔

روہن کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......

ED-KOLKATA

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED نے آج مغربی بنگال کے سابق وزیر تعلیم پارتھ چٹرجی اور بعض دیگر افراد کے خلاف مبینہ اساتذہ تقرری کے گھوٹالے میں منی لانڈرنگ کی تحقیقات کے سلسلے میں تازہ چھاپے مارے۔ ED نے SSC اسکول سروس کمیشن بھرتی گھوٹالہ کیس کے تحت کولکاتا میں دو مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی۔ ED کے مطابق یہ چھاپے پارتھ چٹرجی کی رہائش گاہ اور پرسنا کمار رائے کے دفتر پر مارے جارہے ہیں، جو اس وقت عدالتی تحویل میں ہیں۔×

INDIA-US SHANTI BILL

بھارت میں امریکہ کے سفیر سرجیو گور نے امریکہ کے وزیر توانائی Wright اور بھارت کے خارجہ سکریٹری وِکرم مصری کے درمیان حالیہ میٹنگ کو انتہائی مفید اور نتیجہ خیز قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس ملاقات میں بھارت اور امریکہ کے درمیان توانائی کے شعبے میں مستقبل کے تعاون پر بات چیت ہوئی۔ یہ ملاقات بھارت کے شانتی بل، یعنی پائیدار اور جامع نیوکلیئر ٹیکنالوجی اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے بل کی منظوری کے پس منظر میں ہوئی۔

امریکی سفیر نے کہا کہ امریکہ بھارت کے ساتھ نہ صرف سِول نیوکلیئر توانائی، بلکہ کوئلہ اور رقیق پیٹرولیم اور گیس کی برآمدات جیسے شعبوں میں بھی تعاون کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے شانتی بل کو بھارت کی توانائی پالیسی میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا اور ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کے شعبے میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔×

FORIEGN SECRETARY

خارجہ سکریٹری وِکرم مسری اس مہینے کی 12 سے 14 تاریخ تک پیرس اور برلن کے سرکاری دورے پر ہوں گے۔ پیرس میں وہ فرانس کی وزارت خارجہ کے سکریٹری جنرل Martin Brient کے ساتھ بھارت-فرانس خارجہ دفتر کی مشاورت کی مشترکہ صدارت کریں گے۔ مذاکرات میں دفاع، سول نیوکلیائی توانائی، خلاء، سائبر و ڈیجیٹل AI، اختراع، عوام سے عوام کے درمیان رابطوں کو فروغ دینے، نیز ثقافتی تعلقات سمیت وسیع تر معاملات پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ وزارتِ خارجہ نے کہا کہ تازہ عالمی اور علاقائی حالات و واقعات پر بھی تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔×

MARATHWADA-EARTHQUAKE

مہاراشٹر کے ہِنگولی، ناندیڑ اور پربھنی ضلعوں میں آج صبح تقریباً 8 بج کر 45 منٹ پر ریختر پیمانے پر چار اعشاریہ سات شدت کا زلزلہ محسوس کیا گیا۔ ناندیڑ ضلع کے کئی علاقوں، جیسے ناندیڑ سٹی، اَردھاپور، Mudkhed، لوہا، Naigaon، ہَدگاؤں اور حمایت نگر تعلق میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ زلزلے کے جھٹکے کے باعث شہری اور دیہی علاقوں کے لوگ اپنے اپنے گھروں سے باہر نکل آئے۔ اب تک کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ہے۔×

ISRO GAGANYAN

بھارت کی خلائی تحقیق کی تنظیم ISRO نے، آندھراپردیش کے سری ہری کوٹا میں آئندہ گگن یان مشن کیلئے، خلاء میں بھیجے کی دوسری مربوط جانچ IADT-02 میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔ عملے کے ماڈیول کی محفوظ واپسی کو یقینی بنانے کیلئے یہ نظام لازمی ہے۔ یہ ایک خول ہوتا ہے، جس میں خلا نورد، خلائی پرواز کے دوران بیٹھتے ہیں۔ جب یہ ماڈیول خلاء میں بھیج دیا

جاتا ہے، تو 10 پیراشُوٹس پر مشتمل ایک نظام کا استعمال کیا جاتا ہے، جس کی مدد سے اِس ماڈیول کو آہستگی سے نیچے اُتارا جاتا ہے۔ مرکزی وزیر جتیندر سنگھ نے اِسرو کو اِس آزمائش کی کامیابی پر مبارکباد دی ہے۔ بھارت کی یہ پہلی انسانی خلائی پرواز سری ہری کوٹہ سے 2027 میں روانہ کی جائے گی۔×

BADMINTON-ASIA CHAMPIONSHIP

آیوش شیٹی، ایشیا بیڈمنٹن چمپئن شپ کے مردوں کے سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ یہ چمپئن شپ چین کے شہر Zhejiang میں ہورہی ہے۔ اُنہوں نے اعلیٰ درجے کے کھلاڑی اور دفاعی چمپئن Kunlavut کو ہرا کر کامیابی حاصل کی۔ اِس طرح اُنہیں کم سے کم چاندی کا تمغہ ملنا یقینی ہوگیا ہے۔ آیوش شیٹی امریکی اوپن سپر تھری ہینڈرڈ چمپئن بھی جیت چکے ہیں۔ فائنل میں وہ چینی تائپی کے چوتھے درجے کے کھلاڑی Chou Tien Chen یا چین کے دوسرے درجے کے کھلاڑی Shi Yu Qi کا سامنا کریں گے۔×

IPL-CRICKET

IPL کرکٹ میں، آج سہ پہر ساڑھے تین بجے نیو چنڈی گڑھ کے Mullanpur میں واقع مہاراجہ Yadavindra سنگھ بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈئم میں پنجاب کنگس کا مقابلہ سن رائزرس حیدرآباد سے، جبکہ شام ساڑھے سات بجے چنئی کے چدمبرم اسٹیڈئم میں چنئی سُپر کنگس کا مقابلہ ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا۔

کل رات گوہاٹی کے Barsapara کرکٹ اسٹیڈئم میں کھیلے گئے ایک میچ میں راجستھان رائلس نے رائل چیلنجرس بنگلورو کو 6 وکٹ سے ہراکر لگاتار چوتھی جیت درج کی ہے۔ جیت کیلئے مقرر کردہ 202 رن کے نشانے کو راجستھان رائلس نے 18 اوورس میں 4 وکٹ کے نقصان پر بڑی آسانی سے حاصل کرلیا۔ Vaibhav Sooryavanshi کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆